قرآن مجید آپڑیں متعلق کیا آہدے از دلشاد کلانچوی - ناشران: اکادمی سرائیکی ادب بہاولپور
(قیمت) مؤلف کیتے نیک دعائیں۔
عام پنجابی پڑھنے اور سمجھنے کے لیے بھی خاصا وقت چاہیے اور سرائیکی تو پھر سرائیکی ہے۔ اس پمفلٹ کے عنوان کا مطلب یہ ہے کہ قرآن مجید اپنے متعلق کیا کہتا ہے۔ سرسری طور پہ یہ اندازہ ہوا کہ قرآن کے موضوع کے متعلق بہت اچھی آیات کا انتخاب کر کے ان کا سرائیکی میں ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔ باریک بینی سے ترجمہ کا جائزہ لینا کارے دارد۔ مگر بظاہر خوب!

وطن دشمنوں سے ہوشیار ناشر: مجلس تحفظِ پاکستان، کراچی۔ قیمت وغیرہ درج نہیں۔
کراچی کے حالیہ سانحات جن مخالفِ پاکستان عصبیتوں کی لہروں کے ٹکراؤ سے پیدا ہوئے ان کا جائزہ لے کر محتاط رہنے کی دعوت دی گئی ہے۔

مولینا مودودیؒ ایک درویش کی نظر میں از ڈاکٹر حکیم محمد عطا الرحمن پہاڑپوری، سیوانی، ندوی۔ بی۔یو۔ٹی۔ ایس علیگ۔ ملنے کا پتہ: ۱۔ مدرسہ رحیمیہ، پہاڑپور بازار سیوان (ہند) ۲۔ دفتر جماعت اسلامی ہند پتھر کی مسجد، پٹنہ ۶۔ قیمت: ۳/- روپے۔
۲۸ صفحے کے اس پمفلٹ میں مؤلف نے بڑی دلچسپ داستان اپنے ذہنی و تحریکی ارتقاء کی بیان کی ہے، مگر خاص زور اس امر پہ ہے کہ موصوف کے والدِ مرحوم فخرِ محدثین مولانا مفتی شاہ محمد جمیل انصاری، الہدی، عبدلی، استاذ حدیث مدرسہ عالیہ کلکتہ نے مولانا مودودیؒ کے برسرِ عام نمایاں ہونے سے پہلے ان کے کمالات کو پہچانا۔ اس کا مطالعہ مفید ہوگا۔

مسلمانوں کا قتلِ عام (بھارت میں) از محمد اکرام قریشی - احیائے دین لائبریری۔ مسجد ضلع کچہری، سیالکوٹ۔ مفت تقسیم۔

حقوق العباد (حصہ ۲) مطابق مندرجہ بالا - (مفت تقسیم)۔

علم و دانش کا قدردان، مذہب اسلام مطابق مندرجہ بالا - (مفت تقسیم)۔